پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

20 نومبر 2018

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35A کے تحت ہدایات
''پدم شری ڈاکٹر وِٹھل راؤ وِکھے پاٹل کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، ناسک، مہاراشٹر۔ مدت میں توسیع

ریزروبینک آف انڈیا نے عوام کے مفاد میں، بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (1) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ''پدم شری ڈاکٹر وِٹھل وِکھے پاٹل کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، ناسک، مہاراشٹر کو ہدایات جاری کی تھیں کہ یہ بینک 19 مئی 2018 کے کام کے اوقات کے اختتام سے ہدایات کے تحت رہے گا۔ ریزروبینک نے ان ہدایات پر عمل درآمد کرنے کی مدت میں مزید چھ ماہ کی توسیع 19 نومبر 2018 سے 18 مئی 2019 تک کے لئے کردی ہے۔ عوام کی سہولت اور اُن کی جانکاری کے لئے اس ڈائریکٹو کی ایک کاپی بینک احاطہ میں مظاہرہ کے لئے رکھ دی ہے۔ ریزروبینک آف انڈیا حالات کے مدنظر ان ہدایات میں ترمیمات پر غور کرسکتا ہے۔ ان ہدایات کو جاری کرنے کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ آر بی آئی نے اس بینک کا بینکنگ لائسنس منسوخ کردیا ہے۔ یہ بینک کچھ پابندیوں کے ساتھ جب تک کہ اس کی مالی حالت میں سُدھار نہیں ہوتا ہے، اپنا بینکنگ کاروبار پہلے کی طرح جاری رکھے گا۔

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز: 1169/2018-2019